بسم اللہ الرحمن الرحیم

نظرات

عید مبارک !

برادران اسلام کو عید مبارک کہ انھیں توفیق الٰہی سے رمضان المبارک کے روزے مکمل کرکے عید سعید کی ساعت ھمایوں سے شاد کام ہونے کی سعادت نصیب ہوئی ۔ کھانے پینے کی پابندیاں ختم ہوئیں جو اللہ کی رضا کے لئے اس کے اطاعت شعار بندوں نے اپنے اوپر خود عائد کر رکھی تھیں ۔ طیب اور حلال رزق کے ہوتے ہوئے انھوں نے خود کو مسلسل ایک ماہ تک پورا پورا دن اس لئے بھوکا پیاسا رکھا کہ روزی رساں پروردگار کا یہی حکم تھا ۔ بلاشبہہ یہ ایک امتحان تھا ۔ خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو اس امتحان میں کامیاب اور سرخرو ہوئے ۔ اس موقع پر خوش ہونا اور خوشی کا اظہار کرنا ایک فطری بات ہے ۔ لیکن ہمارے روزے کی طرح ہماری عید بھی ایک طرز خاص کی حامل ہے جس کا سب سے نمایاں عنصر دوگانہ نماز، صدقہ اور خیرات ہے ۔ وقار، سنجیدگی توازن اور اعتدال ملت اسلامیہ کے دیگر مشاغل کی طرح اس کے تہواروں سے بھی عیاں ہے ۔ روزہ ہمارے صبر کا امتحان تھا عید صبر کی کٹھن منزل سے آساں گزر جانے پر شکر کا اظہار ہے ۔